موسم کی صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کے لئے زرعی سفارشات

ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان اور محکمہ موسمیات پاکستان اسلام آباد کا مشترکہ منصوبہ

5 سے 7 جنوری 2026

موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق جنوبی پنجاب میں اکثر اضلاع میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کا امکان ہے۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 15 سے 20 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کو کم سے کم 5 سے 11 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ موسم کی موجودہ صورتحال کے مطابق زرعی سفارشات درج ذیل ہیں۔

گندم

موسمی حالات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے سپرے صاف موسم میں کریں۔ پہلی آبپاشی کے بعد محکمہ زراعت کے عملہ کی مشاورت سے جڑی بوٹیوں کی تلفی کریں۔ جڑی بوٹی مار ادویات کے سپرے کے لئے اچھی کوالٹی کی مخصوص نوزل کا استعمال کریں۔ سپرے کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات کے طور پر دستانے، ماسک اور حفاظتی لباس کا استعمال کریں۔ ریتلے اور شور زدہ رقبہ میں دوسرا پانی 50 سے 55 دن بعد لگائیں اور نائٹروجنی کھاد کی ایک قسط دیں۔

کماد

کماد کی کٹائی اقسام اور فصل کے پکنے کو مد نظر رکھ کر کریں۔ گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔ پہلے ستمبر کاشتہ فصل پھر مونڈی فصل اور اگیتی، درمیانی اور پچھیتی اقسام کی کٹائی کریں۔ مونڈھی فصل رکھنے کے لئے فصل کی برداشت 15 جنوری کے بعد کریں اور گنا زمین کی سطح سے آدھا تا ایک انچ گہرا کاٹیں۔

آم

جہاں زمین خشک ہو وہاں ہلکی آبپاشی کریں تاکہ پودے سردی سے محفوظ رہ سکیں۔ باغ میں چھوٹے پودوں کو سردی سے بچانے کے لئے مناسب بندوبست کریں۔ اس سلسلے میں چھوٹے پودوں کو ڈھانپ دیں یا مناسب کیمیکل کا سپرے کریں۔ آم کے تیلے کے تدارک کے لئے پودے کے تنے اور ٹہنوں پر مناسب زہر کا سپرے کریں۔ جن علاقوں میں میلی بگ کا خطرہ ہو وہاں پودے کے تنے کے گرد سلپری (پھسلنے والے) بینڈ لگائیں۔ آم کے پھول کی مج کی مانیٹرنگ کریں۔ بیمار اور کمزور پودوں کی صحت کی بحالی کے لئے پودوں کی چھتری کے نیچے تنے سے 10 فٹ کے فاصلے پر ٹرینچ بنائیں۔ بڑے باغ میں نئے / چھوٹے پودوں میں حفظانی تہہ (ملچ) کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ باغ میں زمینی لیول کو بہتر بنائیں۔